# Islamiat (Urdu Medium) - 5th Class Islamiat Full Book Short Questions

Q1. قربانی کے جانور کی فضیلت بیان کریں.

**Ans 1:** قربانی کے جانور کے ہر بال کے بدلے میں ایک نیکی ملے گی.

Q2. حیوانات اور چرند پرند کے لیے درخت کیا اہمیت رکھتا ہیں.

**Ans 1:** نباتات سے اپنی غذائی ضروریات پوری کرتے ہیں اور درختوں پر چرند پرند اور کئی حیوانات اپنے مسکن بناتے ہیں.

Q3. انسان کو دنیا میں بھیجنے کی کیا وجہ ہے.

**Ans 1:** اللہ تعالی نے انسان کو دنیا میں آزمائش کے لیے بھیجا ہے درحقیقت دنیا عمل کرنے کی جگہ ہے اور آخرت بدلے کی جگہ ہے.

Q4. حدیث مبارک کے مطابق کون سا شخص دین سے محروم ہوجاتا ہے.

**Ans 1:** جو شخص اپنے وعدوں کا خیال نہیں رکھتا وہ دین سے محروم ہوجاتا ہے.

Q5. دنیا کی زندگی کی حقیقت کیا ہے.

**Ans 1:** یہ عآرضی زندگی ہےاور یہ زندگی ایک دن ختم ہوجائےگی.

Q6. میثاق مدینہ کی بنیاد ر کون سی ریاست قائم ہوئی.

**Ans 1:** میثاق مدینہ کی بنیاد پر اسلامی ریاست مدینہ منورہ میں قائم ہوئی.

Q7. سرداران قریش کا دارالندوہ میں اکھٹے ہونے کا مقصد کیا تھا.

**Ans 1:** کفار مکہ نے نبی آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کے خلاف آخری قدم اٹھانے کا فیصلہ کیا تھ جس کے لیے وہ مختلف تدابیر سوچنے کے لے دارالندوۃ میں جمع ہوئے تھے.

Q8. آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی اطاعت کیوں ضروری ہے.

**Ans 1:** ?? ??? ???? ???? ???? ?? ????? ????? ????? ?? ?? ?? ??? ???? ???? ???? ?? ????? ?? ???? ????? ?? ????? ???? ??? ??? ??.

Q9. مسجد قبا کا دوسرا نام کیا ہے.

**Ans 1:** مسجد قبا کا دوسرا نام مسجد تقوٰی ہے.

---

Q10. حیا کے بارے میں حدیث تحریر کریں.

**Ans 1:** جب تم حیا نہکرو تو جو چاہے کرو.

---

Q11. جمعہ کے دن کے سنت اعمال کون کون سے ہیں.

**Ans 1:** جمعہ کے دن غسل کرنا، ناخن کاٹنا، صاف ستھرے کپڑے پہننا، سرمہ اور خوشبو لگانا سنت ہے.

---

Q12. آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات یثرب سے آنے والے چھے افراد سے کس مقام پر ہوئی.

**Ans 1:** آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم کی ملاقات یثرب سے آنے والے چھ افراد سے عقبہ کے مقام پر ہوئی.

---

Q13. سونا اور چاندی کا نصاب زکوۃ بیان کریں.

**Ans 1:** سونے کا نصاب زکوۃ ہے ساڑھے سات تولہ اور چاندی کا نصاب زکوۃ ساڑھے باون تولہ ہے یعنی جس شخص کے پاس اتنی مقدار میں سونا یا چاندی موجود ہوگا اس پر زکوۃ فرض ہوگی.

---

Q14. نماز کی فضیلیت کے بارے میں حدیث مبارک کا ترجمہ

**Ans 1:** نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا اور میری آنکھوں کی ٹھنڈک نماز ہے.

---

Q15. حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا لقب کیا ہے

**Ans 1:** آپ کا لقب روح اللہ تھا.

---

Q16. ہمارا دین رواداری کے بارے میں کیا تعلیم دیتا ہے.

**Ans 1:** ہمارا دین تعلیم دیتا ہےکہ دوسرے مذاہبکے لوگوں کہ بھی اپنے عقیدے پر قائم رہنے کا حق دینا چاہیے. اور دوسرے مذہب کے لوگوں کے ساتھ رواداری سے پیش آنا چاہیے.

---

Q17. حدیث مبارک کے مطابق جو کوئی اپنے مسلمان بھائی کی ضرورت پورا کرتا ہے اس کے لیے کیا اجر ہے.

**Ans 1:** حدیث مبارک کے مطابق جو مسلمان اپنے بھائی کی ضرورت کو پورا کرنے میں لگا رہتا ہے تو اللہ تعالی اس کی ضرورت پوری فرمادیتے ہیں.

---

Q18. پچھلے کچھ سالوں سے زمین کا درجہ حرارت کیوں بڑھ رہا ہے.

**Ans 1:** پچھلے کچھ سالوں سے زمین کا درجہ حرارت آلودگی کی وجہ سے تیزی سے بڑھ رہا ہے.

---

Q19. مسلمانوں کے چوتھے خلیفہ کون تھے.

**Ans 1:** حضرت علی کرم اللہ وجہہ مسلمانوں کے چوتھے خلیفہ تھے.

---

Q20. ہجرت دمینہ کے دو اسباب بیان کریں.

**Ans 1:** 1- مکہ مکرمہ میں آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم اور ان کے ساتھیوں کو بہت ستایا گیا تھا. 2 - مدینہ منورہ میں اسلام کی روشنی تیزی سے پھیلنے لگی تھی اس لیے اللہ تعالی کے رسول آپ خاتم النبین صلی اللہ علیہ وسلم نے مکہ مکرمہ کے مسلمانوں کو مدینہ منورہ کی طرف ہجرت کرنے کی اجازت دے دی.

---